# کھیوڑہ کی سَیر

ورک شیٹ برائے سبق ۵

## کلمہ اور مہمل

**کلمہ:** وہ الفاظ جو کوئی معنی رکھتے ہیں، انہیں کلمہ کہتے ہیں۔ جیسے:

نادر نے پانی پیا۔ (اس جُملے میں خط کشید لفظ کلمہ ہے۔)

**مہمل:** وہ الفاظ جن کے کوئی معنی نہیں ہوتے لیکن کلمہ کے ساتھ مل کر بامعنی بن جاتے ہیں۔ جیسے

نادر نے پانی وانی پیا۔ (اس جُملے میں خط کشید لفظ مہمل ہے۔)

ا۔ دیے گئے جُملوں میں سے کلمہ اور مہمل پہچان کر دُرست کالم میں لکھیے۔

| جُملے | کلمہ | مہمل |
|---|---|---|
| (ا) راشد نے کھانا وانا کھایا۔ | | |
| (ب) بانو دکان سے کتاب وتاب لائے گی۔ | | |
| (ج) بھائی جان دوستوں کے ساتھ گپ شپ کر رہے ہیں۔ | | |
| (د) امی نے بابا کے لیے روٹی ووٹی پکائی ہے۔ | | |
| (ہ) ہم سب سچ مچ ڈر گئے | | |

۲۔ دیے گئے کلمہ اور مہمل کی جوڑیوں کو جُملوں میں استعمال کیجیے۔

گول مٹول | بچا کھچا | جھوٹ موٹ